## الطاف حسین سندھ کے مستقل باشندوں کے مابین امن و بھائی چارہ قائم کرنا چاہتے ہیں، رابطہ کمیٹی

## قائدتحریک کا فکروفلسفہ جاگیردارانہ نظام اورموروثی سیاست کیلئے بڑا چیلنج بن گیا ہے

## بھٹ شاہ میں سندھ کنونشن سلسلے میں ملاکھڑا اسٹیڈیم میں جلسہ گاہ کا معائنہ،صحافیوں سے گفتگو

بھٹ شاہ۔۔۔20،مئی2010ء

سندھ کے مظلوم ومحکوم طبقہ کو جاگیردارانہ نظام کے تسلط سے آزاد کرانے کیلئے سندھ کنونشن اہم سنگ میل ثابت ہوگا ان خیالات کا اظہار گزشتہ روز متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے اراکین کنورنویدجمیل ، اشفاق منگی اور سلیم تاجک نے بھٹ شاہ میں سندھ کنونشن کے سلسلے میں ملاکھڑا اسٹیڈیم میں جلسہ گاہ کے معائنے کے موقع پر صحافیوں سے گفتگو کرتے ہوئے کیا۔انہوں نے قائدتحریک الطاف حسین کا فکروفلسفہ جاگیردارانہ نظام اورموروثی سیاست کیلئے بڑا چیلنج بن گیا ہے اورقائدتحریک جناب الطاف حسین سندھ کے مستقل باشندوں کے مابین نفرتوں اورعداوتوں کا خاتمہ کرکے صوبے میں امن و بھائی چارہ قائم کرنا چاہتے ہیں ۔انہوں نے مزید کہا کہ الطاف حسین اوران کے کارکنان سندھ دھرتی کے بیٹے ہیں اورایم کیوایم نے ہمیشہ سندھ کے مفادات کیلئے آواز اٹھائی ہے اور قائدتحریک کی خصوصی ہدایت پرحق پرست قیادت نے اراکین اسمبلی ،سینیٹرز اوروزراء کے فنڈ سے اندرون سندھ متعدد ترقیاتی کام کرائے ہیں،صوبہ سندھ پاکستان کی شہ رگ ہے اورایم کیوایم صوبہ سندھ کی ترقی اورصوبے کے مستقل باشندوں کی خوشحالی کیلئے جدوجہد کررہی ہے اور28 مئی کو بھٹ شاہ میں ہونے والا ’’سندھ کنونشن‘‘ شاہ عبدالطیف بھٹائیؒ کے شہر سے ملک بھر میں قائدتحریک کے پیغام محبت کومزید فروغ دینے کی ضمانت ثابت ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ جاگیرداروں اوروڈیروں نے گذشتہ 62 سال سے سندھ کے غریب عوام کو بھوک وافلاس کے سوا کچھ نہیں دیا اب غریب ومتوسط طبقے سے تعلق رکھن والے عوام میں شعوری بیداری کا آغاز ہوچکا ہے اوراب وہ کسی کے بہکاوئے میں ہرگز نہیں آئیں گے ۔بعدازاں رابطہ کمیٹی کے ارکان نے جلسہ گاہ اوراس کے اطراف کے مقامات کا دورہ کیا اورانتظامات کا جائزہ لیا۔علاوہ ازیں انہوں نے درگاہ شاہ عبدالطیف بھٹائیؒ کے گدی نشین نازن سائی سے بھی ان کی رہائشگاہ پرملاقات کی اورانہیں قائدتحریک الطاف حسین کا سلام پہنچایا۔اس موقع پرحق پرست صوبائی وزیر زبیراحمد خان،حق پرست ارکان اسمبلی صلاح الدین ،طیب حسین ،اکرم قریشی ،وسیم حسین کےعلاوہ اندرون سندھ تنظیمی کمیٹی کے انچارج عمرقریشی واراکین انورسلیم ،وحیداسلم ،متحدہ قومی موومنٹ حیدرآبادزون کے انچارج محمد شریف واراکین زونل کمیٹی محمد فاروق ،خالدحسین ،ڈاکٹرافضال ،راشد خلیجی ،توحید احمد،مبین شیخ،صلاح الدین اورفیروزخانزادہ بھی ان کے ہمراہ تھے

## سندھ بھر میں ایم کیوایم کی رکنیت سازی مہم کا سلسلہ زوروشور سے جاری،مزید ہزاروں افراد کی ایم کیوایم میں شمولیت

## رکنیت سازی مہم کے سلسلے میں میرپورخاص،نوابشاہ،سانگھڑ،جامشورو،ٹھٹھہ اوربدین زونز میں قائم کیمپس پرعوام کارش

حیدرآباد۔۔۔(بیس کیمپ)20،مئی2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے زیراہتمام سندھ بھر میں رکنیت سازی مہم کا سلسلہ زوروشور سے جاری ہے اوررکنیت سازی مہم کے چوتھے روزبھی ایم کیوایم میرپورخاص ،نوابشاہ ،سانگھڑ، جامشورو،ٹھٹھہ اور بدین زونز کے تحت 28علاقوں میں رکنیت سازی کے کیمپس لگائے گئے جہاں زندگی کے مختلف شعبوں سے تعلق رکھنے والے ہزاروں افراد نے ایم کیوایم کی رکنیت سازی کے فارم پُرکرکے ایم کیوایم میں شمولیت کا اعلان کیااور28 مئی کے سندھ کنونشن میں اپنی بھرپورشرکت کی یقین دہانی کرائی ۔رکنیت سازی مہم کے سلسلے میں جمعرات کے روزایم کیوایم کے 8 زونوں کے تحت رکنیت سازی کیمپس قائم کیے گئے جن میں ایم کیوایم میرپورخاص زون کے تحت سیکٹرڈی ، یوسی ٹنڈو جان محمد،سیکٹر جھڈو جبکہ ایم کیوایم نوابشاہ زون کے تحت یونٹ کمب لیماں آفس (نزدمین نیشنل ہائیوے )،یونٹ گچانی ( گچانی میمن چوک )،یونٹ سکرنڈ سٹی (سنیما چوک )،یونٹ قاضی احمد نزد نیشنل بینک مین ہائی وے ،یونٹ دولت پورسٹی ( نزدیونٹ آفس میمن روڈ) اسی طرح سانگھڑزون کے تحت سانگھڑ،کھپرو،ٹنڈوالہیارزون کے تحت دھنگانو بوزدار، پیارلنڈ، جامشوروزون کے تحت جھانگارہ، بھان، دل ٹلٹی ،عمرکوٹ زون کے تحت تھرمٹھی مھٹی سٹی، ٹھٹھہ زون کے تحت ٹھٹھہ شہر،مکلی ، جنگ شاہی،گجو،وراورایم کیوایم بدین زون کے تحت بدین سٹی،کڈہن،ننڈوسٹی،شادی لارج،پنگریو،حیات خاصخیلی سمیت ٹنڈو باگو میں رکنیت سازی کے کیمپس لگائے گئے ،جہاں چوتھے روز بھی مختلف برادریوں اورشعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والے ہزاروں شہریوں نے شدید گرمی کے باوجودان کیمپوں پرازخود رابطہ کیااورایم کیوایم کی رکنیت سازی کے فارم پُرکرکے ایم کیوایم میں شمولیت کا اعلان کیا کیمپوں پرایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے اراکین ،ایم کیوایم اندرون سندھ تنظیمی کمیٹی کے ارکان اورزونل انچارج واراکین نے مقامی افراد سے رکنیت سازی کے پُرشدہ فارم وصول کئے اورانہیں ایم کیوایم میں شمولیت پرقائدتحریک جناب الطاف حسین کی جانب سے دلی مبارکباد پیش کی ۔رکنیت سازی مہم کے سلسلے میں اندرون سندھ کے عوام میں

زبردست جوش خروش دیکھا جارہا ہے اوررکنیت سازی کے کیمپوں پر لمبی لمبی قطاریں لگی ہوئی دکھائی دی،اس ضمن میں مختلف علاقوں میں رکنیت سازی مہم کی تشہیر کیلئے بینرز اور وال پوسٹر بھی آویزاں کئے گئے ہیں جبکہ رکنیت سازی مہم اورسندھ کنونشن کے سلسلے میں سیکٹرز اور یونٹس کی جانب سے قائدتحریک الطاف حسین کی تصاویر اور ایم کیوایم کے پرچم بھی لگائے گئے ہیں۔

## ایم کیوایم کی رکنیت سازی مہم کے سلسلے میں سندھ بھر میں زبردست گہما گہمی،کیمپوں پر رکنیت حاصل کرنے والے ہزاروں شہریوں کی لمبی لمبی قطاریں لگی ہوئی تھیں

## تیسرے روزبھی طلباء وطالبات،مختلف سیاسی جماعتوں کے کارکنوں اورمقامی افراد نے ہزاروں کی تعداد میں ایم کیوایم میں شمولیت اختیار کی

## ایم کیوایم کے 9 زونوں کے تحت 37 علاقوں میں رکنیت سازی کیمپس لگائے گئے

حیدرآباد۔۔۔19،مئی2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے زیراہتمام سندھ بھر میں رکنیت سازی مہم کا سلسلہ جاری ہے اوررکنیت سازی مہم کے تیسرے روزبھی زندگی کے مختلف شعبوں سے تعلق رکھنے والے ہزاروں افراد نے رکنیت سازی فارم پُر کرکے ایم کیوایم میں شمولیت اختیار کی جن میں خواتین کی بھی بڑی تعداد شامل ہے۔رکنیت سازی کے ذریعے ایم کیوایم میں شمولیت اختیار کرنے والوں میں غریب ومتوسط طبقہ سے تعلق رکھنے والے طلباء وطالبات اورمختلف سیاسی جماعتوں کے کارکنان کے علاوہ مقامی بزرگوں،نوجوانوں اورخواتین ہزاروں کی تعداد شامل ہے۔رکنیت سازی مہم کے سلسلے میں بدھ کے روزایم کیوایم کے 9،زونوں کے تحت 37 علاقوں میں کیمپس لگائے گئے،ایم کیوایم حیدرآباد زون کے تحت ہالا،سعیدآباد،بھٹ شاہ،ٹنڈومحمدخان،قاسم آباد،ایم کیوایم میرپورخاص زون کے تحت یوسی پھلاڈیوں،یوسی کھیراؤ،یوسی میرواہ گورچانی،یوسی جھلوری،سیکٹر ڈگری،ایم کیوایم نوابشاہ زون کے تحت اللہ والا چوک بانکارام روڈ،ڈیسنٹ چوک نزدچکرہ بازار،قاضی احمد موڑچوک،پھاٹک چوک نزدعلم چوک،زبیر چوک مریم روڈ،ایم کیوایم سانگھڑزون کے تحت ٹنڈوآدم،بیرانی،شہدادپور،سرہاری،لونڈو،ایم کیوایم ٹنڈوالہ یارزون کے تحت عثمان شاہ ہڑی ٹنڈوآدم روڈ،دھنگانو بوزدار،ایم کیوایم جامشوروزون کے تحت سہون،لاکھا،خانوٹ،مانجھند،ایم کیوایم عمرکوٹ زون کے تحت ڈھورونارو،پتھورو،غلام نبی شاہ،سامارو،(تھرمٹھی نبی سر)،ٹالہی،ایم کیوایم ٹھٹھہ زون کے تحت بنوں،بھٹورو،چھریٹانی،بیلواورایم کیوایم بدین زون کے تحت گولارچی،ترائی اوراحمدراجو کے علاقوں میں رکنیت سازی کیمپوں کا انعقاد کیا گیا،تمام کیمپوں پر تیسرے روزبھی رکنیت حاصل کرنے والے ہزاروں شہریوں کی لمبی لمبی قطاریں لگی ہوئی تھیں جن میں مختلف قومیتوں،مذاہب کے لوگ بھی بڑی تعداد میں شامل تھے،رکنیت سازی مہم کے سلسلے میں شہربھر میں حق پرست عوام میں کافی گہما گہمی نظر آرہی ہے اورمختلف علاقوں میں رکنیت سازی مہم کی تشہیر کیلئے بینرز اوروال پوسٹر بھی آویزاں کئے گئے ہیں جبکہ رکنیت سازی مہم اورسندھ کنونشن کے سلسلے میں سیکٹرز اور یونٹس کی جانب سے قائدتحریک الطاف حسین کی تصاویر اورایم کیوایم کے پرچم بھی لگائے جارہے ہے۔سندھ بھر میں جاری ایم کیوایم کی رکنیت سازی مہم کے سلسلے میں لگائے گئے کیمپوں پر ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے اراکین،ایم کیوایم اندرون سندھ تنظیمی کمیٹی کے ارکان اورزونل انچارج واراکین نے مقامی افراد سے رکنیت سازی کے پُرشدہ فارم وصول کئے اورانہیں ایم کیوایم میں شمولیت پر قائدتحریک جناب الطاف حسین کی جانب سے دلی مبارکباد پیش کی۔

## پنجاب کنونشن کی طرح سندھ کنونشن بھی مظلوم عوام کے اتحاد کا مظہر ثابت ہوگا

## مختلف شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والے افراد کے ایم کیوایم کے رکنیت سازی کیمپوں پر تاثرات

حیدرآباد۔۔۔19،مئی2010ء

مختلف شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والے افراد نے کہا ہے کہ صوبہ سندھ سمیت ملک بھر کے روشن مستقبل کیلئے قائدتحریک جناب الطاف حسین ہی امید کی واحد کرن ہیں اورمتحدہ قومی موومنٹ کے تحت پنجاب کنونشن میں جس طرح سے مظلوم عوام نے اپنے اتحاد کا مظاہرہ کیا ہے اسی طرح 28 مئی کو ہونے والا سندھ کنونشن بھی مظلوم عوام کے اتحاد کا مظہر ثابت ہوگا۔ایم کیوایم کے تحت 28 مئی کو بھٹ شاہ میں ہونیوالے ''سندھ کنونشن'' کیلئے سندھ بھر میں لگائے گئے رکنیت سازی کیمپوں پر اپنے تاثرات کا اظہار کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ متحدہ قومی موومنٹ کے پلیٹ فارم سے 98 فیصد غریب ومتوسط طبقے کی حکمرانی کا خواب ضرور پورا ہوگا۔ان کا کہنا تھا کہ ہم نے ہمیشہ وڈیروں،جاگیرداروں کا ساتھ دیا اوراس غلطی پر ہم شرمندہ ہیں اورملک وقوم کی ترقی وخوشحالی کیلئے اب قائدتحریک جناب الطاف حسین کی قیادت میں متحد ہیں۔انہوں نے کہا کہ 28 مئی کو ایم کیوایم کے تحت بھٹ شاہ میں ہونے والا ''سندھ کنونشن'' جاگیردارانہ،وڈیرانہ اورسردارانہ نظام کے خاتمے کیلئے اہم سنگ میل ثابت ہوگا اس موقع پر انہوں نے قائدتحریک جناب الطاف حسین کی درازی عمر اورصحت وتندرستی کیلئے خصوصی دعائیں بھی کیں۔

## متحدہ کے تحت سندھ بھر میں رکنیت سازی مہم کا سلسلہ زور وشور سے جاری ہے
## اندرون سندھ کے 26 مقامات پر رکنیت سازی مہم کے سلسلے میں کیمپ لگائے گئے
## پانچ ہزار سے زائد افراد نے ایم کیوایم کی رکنیت سازی مہم میں حصہ لیکر ایم کیوایم میں شمولیت کا اعلان کیا ہے

حیدرآباد۔۔۔18، مئی 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے زیراہتمام سندھ بھر میں رکنیت سازی مہم کا سلسلہ جاری ہے اور گزشتہ روز زندگی کے مختلف شعبوں سے تعلق رکھنے والے ہزاروں افراد نے ایم کیوایم کے رکنیت سازی فارم پر کئے۔اب تک پانچ ہزار سے زائد افراد نے ایم کیوایم کی رکنیت سازی مہم میں حصہ لیکر ایم کیوایم میں شمولیت کا اعلان کیا ہے۔رکنیت سازی مہم کے سلسلے میں منگل کے روز حیدرآباد، میر پور خاص، ٹنڈ والہیار، جامشورو، عمر کوٹ، ٹھٹھہ اور بدین کیمپ لگائے گئے جہاں غریب ومتوسط طبقہ سے تعلق رکھنے والے طلبا وطالبات اور مختلف سیاسی جماعتوں کے کارکنان کے علاوہ مقامی بزرگوں، نوجوانوں اور خواتین نے بڑی تعداد میں جمع ہوکر ایم کیوایم کی رکنیت سازی کے فارم پر کئے اور 28، مئی کو بھٹ شاہ میں منعقد ہونے والے سندھ کنونشن میں بھرپور شرکت کی یقین دہانی کرائی۔منگل کے روز ایم کیوایم حیدرآباد زون کے تحت باب شیدائیان چوک پونے دس نمبر، جویریہ شاپنگ سینٹر، خدا حافظ چوک، لیبر کالونی، فہیم نگر چوک، ایم کیوایم میر پور خاص زون کے تحت ہیرآباد چوک، پوسٹ آفس چوک، چاندنی چوک، ایم کیوایم ٹنڈ والہ یار زون کے تحت قلعہ چوک، خواجہ اسٹاپ میر پور خاص روڈ، مسن، ایم کیوایم جامشورو زون کے تحت کوٹری سٹی، کوٹری سائیٹ، ایم کیوایم عمر کوٹ زون کے زیراہتمام عمر کوٹ سٹی، تھر بازار عمر کوٹ سٹی، چھور، تین تلوار چوک، کنری سٹی اور ایم کیوایم ٹھٹھہ زون کے تحت بنوں، بھٹورو، بیلو، چھر پٹانی جبکہ ایم کیوایم بدین زون کے تحت ماتلی اور ٹنڈ وغلام علی میں رکنیت سازی کیمپوں کا انعقاد کیا گیا جہاں ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے رکن اشفاق منگی، ایم کیوایم کی اندرون سندھ تنظیمی کمیٹی کے ارکان، حق پرست ارکان قومی وصوبائی اسمبلی اور ایم کیوایم کی مختلف زونل کمیٹیوں کے ارکان نے مقامی افراد کی جانب سے رکنیت سازی کے پرشدہ فارم وصول کئے اور انہیں ایم کیوایم میں شمولیت پر مبارکباد پیش کی۔ایم کیوایم کے رکنیت سازی کیمپوں پر ایم کیوایم کے روایتی اور مثالی نظم وضبط کا منظر دیکھنے میں آیا۔زندگی کے مختلف شعبوں سے تعلق رکھنے والے افراد نے کیمپوں پر قطاریں لگا کر رکنیت سازی کے فارم پر کئے اور ایم کیوایم میں شمولیت اختیار کی۔اندرون سندھ میں جاری ایم کیوایم کی رکنیت سازی مہم کو سندھ بھر کے غریب ومتوسط طبقہ کے عوام میں زبردست پذیرائی حاصل ہورہی ہے اور ایم کیوایم کے کیمپوں پر لوگوں کا جم غفیر دیکھنے میں آرہا ہے۔

## ایم کیوایم سندھ دھرتی کو مفاد پرستوں سے نجات دلا کر صحیح معنوں میں امن، محبت اور پیار کی دھرتی بنادے گی، رابطہ کمیٹی
## صوبہ سندھ کے ہاری، کسان، مزدور اور تمام شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والے افراد 28 مئی کو بھٹ شاہ میں ہونے والے سندھ کنونشن میں زیادہ سے زیادہ تعداد میں شرکت کریں اور اندرون سندھ میں جاری رکنیت سازی مہم میں بھرپور حصہ لیں

کراچی۔۔۔17، مئی 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے صوبہ سندھ کے ہاریوں، کسانوں، مزدوروں، محنت کشوں، دانشوروں، قلمکاروں، ڈاکٹروں، انجینئروں، فنکاروں اور تمام شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والے افراد سے اپیل کی ہے کہ وہ ایم کیوایم کے تحت بھٹ شاہ میں 28 مئی کو ہونے والے ''سندھ کنونشن'' میں زیادہ سے زیادہ تعداد میں شرکت کریں اور اس سلسلے میں صوبہ سندھ میں جاری ایم کیوایم کی رکنیت سازی مہم میں بھرپور حصہ لیں۔ایک بیان میں رابطہ کمیٹی نے کہا کہ صوبہ سندھ امن، محبت اور پیار کی دھرتی ہے اور اس کے صوفی بزرگ شاعر حضرت شاہ عبداللطیف بھٹائی نے جو تعلیمات دی ہیں اس پر ایم کیوایم عمل پیرا ہے اور انشاءاللہ ایم کیوایم ہی سندھ دھرتی کو مفاد پرستوں سے نجات دلا کر صحیح معنوں میں امن، محبت اور پیار کی دھرتی بنادیگی۔رابطہ کمیٹی نے سندھ بھر کے عوام سے پرزور اپیل کی کہ وہ سندھ بھر میں ایم کیوایم کی رکنیت سازی مہم میں بڑھ چڑھ کر حصہ لیں اور 28، مئی کو بھٹ شاہ میں ہونے والے ایم کیوایم کے ''سندھ کنونشن'' میں زیادہ سے زیادہ تعداد میں شرکت کر کے حق پرستی کا ثبوت دیں۔

**ایم کیوایم کے تحت 28 مئی کو بھٹ شاہ میں ہونے والے سندھ کنونشن کے سلسلے میں اندرون سندھ میں رکنیت سازی مہم کا آغاز کردیا گیا**

**سندھ کنونشن سے قبل ایم کیوایم کے 9 زونل دفاتر کے تحت مختلف علاقوں میں رکنیت سازی کے 115 کیمپس لگائے جائیں گے**

**ایم کیوایم حیدرآباد زون کے تحت رکنیت سازی مہم آج سے ہی شروع کردی گئی، 5 علاقوں میں رکنیت سازی کیمپوں کا انعقاد**

**مختلف قومیتوں، برادریوں کے نوجوانوں، بزرگوں اور خواتین نے بڑی تعداد میں رابطہ کیا اور رکنیت سازی فارم پُر کرکے ایم کیوایم میں شمولیت اختیار کی**

**رکنیت سازی کیمپوں پر پہلے ہی دن سندھ کے عوام کی بہت بڑی تعداد نے پہنچ کر ایم کیوایم میں شمولیت اختیار کی ہے، رابطہ کمیٹی**

کراچی۔۔۔17، مئی 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے زیراہتمام 28 مئی کو صوبہ سندھ کے علاقہ بھٹ شاہ میں ہونے والے ''سندھ کنونشن'' کے سلسلے میں اندرون سندھ میں رکنیت سازی مہم کا آغاز کردیا گیا ہے ۔رکنیت سازی مہم کے سلسلے میں 17 مئی بروز پیر کو ایم کیوایم حیدرآباد زون کے تحت لبرٹی چوک، رشی گھاٹ چوک، پھلیلی ٹانگہ اسٹینڈ، فقیر کاپڑ چوک اور حیدر چوک پر رکنیت سازی کیمپس لگائے گئے جن پر مختلف قومیتوں اور برادریوں کے نوجوانوں، بزرگوں اور خواتین نے بڑی تعداد میں رابطہ کیا اور رکنیت سازی فارم پُر کرکے ایم کیوایم میں شمولیت اختیار کی ۔اس سلسلے میں اندرون سندھ میں قائم ایم کیوایم کے 9 زونل دفاتر جن میں ایم کیوایم حیدرآباد زون، میرپورخاص زون، نوابشاہ زون، سانگھڑ زون، ٹنڈوالہ یار زون جامشورو زون، عمرکوٹ زون، ٹھٹھہ زون اور بدین زون شامل ہیں کہ تحت 28 مئی سے قبل کی تاریخوں میں مختلف علاقوں میں رکنیت سازی کے 115 کیمپس لگائے جائیں گے جن کی تفصیل درج ذیل ہے ۔ایم کیوایم حیدآباد زون کے تحت 17 مئی پیر سے ہی رکنیت سازی مہم کا آغاز کردیا ہے اور اس سلسلے میں حیدرآباد کے 5 علاقوں میں رکنیت سازی کیمپ لگائے گئے جبکہ ایم کیوایم حیدرآباد زون کے 18 مئی منگل کو سبزی منڈی چوک، باب شیدائیان چوک پونے دس نمبر، جویریہ شاپنگ سینٹر، خدا حافظ سینٹر، لیبر کالونی، فہیم نگر چوک اور 19 مئی بدھ کو پاکستان چوک، ہالا سعید آباد بھٹ شاہ، ٹنڈو محمد خان اور قاسم آباد کے علاقوں میں رکنیت سازی کے کیمپس لگائے جائیں گے۔ایم کیوایم میرپورخاص زون کے 18 مئی منگل کو ہیرآباد چوک، پوسٹ آفس چوک، چاندنی چوک، 19 مئی بدھ کو یوسی پھلاڈیوں، یوسی کھیراؤ، یوسی میرواہ گورچانی، یوسی جھلوری، 20 مئی جمعرات کو یوسی ٹنڈو جان محمد، سیکٹر جھڈو جبکہ 21 مئی جمعہ کو یوسی نوکوٹ اور سیکٹر کوٹ غلام محمد کے علاقوں میں رکنیت سازی کے کیمپوں کا انعقاد کیا جائے گا۔ایم کیوایم نوابشاہ زون کے تحت رکنیت سازی کیمپوں کا انعقاد 19 مئی بدھ کو اللہ والا چوک، بانکا رام روڈ، ڈیسنٹ چوک نزد چکرہ بازار، قاضی احمد موڑ چوک، پھاٹک چوک نزد علم چوک، زبیر چوک مریم روڈ، 20 مئی جمعرات کو یونٹ کمب لیماں آفس، یونٹ گچانی مین چوک، سینما چوک، قاضی احمد نزد نیشنل بنک مین ہائی وے، دولت پور سٹی مین روڈ، 21 مئی جمعہ کو باندھی مورو روڈ، دوڑ سٹی مین تھانہ چوک، جمال شاہ کیریو گوٹھ، بچھیری مین بازار چوک، 60 میل مین بازار چوک اور جام صاحب مین بازار پر کیا جائے گا۔ایم کیوایم سانگھڑ زون کے تحت رکنیت سازی کیمپس 19 مئی بدھ کو ٹنڈو آدم، بیرانی، شہداد پور، سرہاری اور لونڈو، 20 مئی جمعرات کو سانگھڑ اور کھپرو، 21 مئی جمعہ کو سنجھورو، جعفر خان لغاری، 22 مئی ہفتہ کو شاہ پور چاکر اور کھڈرو میں لگائے جائیں گے۔ایم کیوایم ٹنڈوالہیار زون کے زیراہتمام 18، مئی منگل کو قلعہ چوک، خواجہ اسٹاپ میرپورخاص روڈ، مسن، 19 مئی بدھ کو چمبڑ، عثمان شاہ ہڑی ٹنڈو آدم روڈ اور 20 مئی جمعرات کو دھنگانو بوزدار اور پیارو لُنڈ میں رکنیت سازی کیمپوں کا انعقاد کیا جائے گا۔ایم کیوایم جامشورو زون کے تحت رکنیت سازی کیمپس 18 مئی منگل کو کوٹری سٹی، کوٹری سائیٹ، جامشورو پھاٹک، 19 مئی بدھ کو سہون، لاکھا، خانوٹ، مانجھند، 20 مئی جمعرات کو جھانگارہ بھان، دل ٹلئی اور 21 مئی جمعہ کو نوری آباد کے علاقوں میں لگائے جائیں گے۔ایم کیوایم عمرکوٹ زون کے رکنیت سازی کیمپوں کا انعقاد 18 مئی منگل سے شروع کیا جائے گا اور 18 مئی کو عمرکوٹ، تھر بازار عمرکوٹ سٹی، چھور، تین تلوار چوک کنری سٹی، 19 مئی کو ڈھورو نارو پتھورو، غلام نبی شاہ، سامارو، نبی سر، ٹالہی، 20 مئی جمعرات کو مٹھی سٹی اور 21 مئی جمعہ کو نگرپارکر میں رکنیت سازی کے کیمپس لگائے جائیں گے۔ ایم کیوایم ٹھٹھہ زون کے تحت بھی رکنیت سازی مہم کے سلسلے میں کیمپوں کا انعقاد 18 مئی منگل سے کیا جائے گا اور 18 مئی کو ایم کیوایم ٹھٹھہ زون کے تحت جن علاقوں میں رکنیت سازی کیمپس لگائے جائیں گے ان میں بنوں، بٹھورو، بیلو چھر یٹانی کے علاقے شامل ہیں جبکہ 19 مئی بدھ کو ایم کیوایم ٹھٹھہ زون کے تحت جاتی، شاہ بندر، سجاول، 20 مئی جمعرات کو ٹھٹھہ، مکلی جنگشاہی، گجو، وراور 21 مئی جمعہ گھارو، دھابیجی، گاڑھو، ساکرو اور چوبندی میں رکنیت سازی کیمپوں کا انعقاد کیا جائے گا۔اسی طرح ایم کیوایم بدین زون کے تحت 18 مئی منگل کو ماتلی، ٹنڈو غلام علی، 19 مئی بدھ کو گولارچی، ترائی، احمد راجو، 20 مئی جمعرات کو بدین سٹی، کڈن، ننڈو سٹی، شادی لارج، پنگریو، حیات خاصخیلی، ٹنڈو باگو اور 21 مئی جمعرات کو تلہار اور راجو خانانی کے علاقوں میں رکنیت سازی کیمپوں کا انعقاد کیا جائے گا۔ دریں اثناء ایم کیوایم رابطہ کمیٹی نے کہا کہ ایم کیوایم میں شمولیت اختیار کرنے کیلئے اندرون سندھ میں ایم کیوایم کے 9 زونل دفاتر کے تحت علاقائی سطح پر رکنیت سازی کیلئے کیمپوں کا انعقاد 17، مئی سے کردیا ہے اور الحمدللہ ان کیمپوں پر پہلے ہی دن سندھ کے عوام کی بہت بڑی تعداد نے پہنچ کر رکنیت سازی کے فارم پُر کرکے ایم کیوایم میں شمولیت اختیار کی ہے اور ان کا جوش وخروش قابل دید ہے۔رابطہ کمیٹی نے کہا کہ سندھ بھر

کے مظلوم عوام فرسودہ نظام کے خاتمے کیلئے قائد تحریک جناب الطاف حسین کا بھرپور ساتھ دیں اور رکنیت سازی مہم کے ذریعے ایم کیو ایم میں زیادہ سے زیادہ شمولیت اختیار کر کے حق پرستی کا ثبوت دیں۔

☆☆☆☆☆